تیسرا ایڈیشن اس کی مقبولیت کی دلیل ہے۔ ہم اس اہم خدمت پر فاضل مصنف کو ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہیں۔

عطیۂ پاکستان | مرتبہ مولانا ابو احمد عبد اللہ صاحب ۔ صفحات ۲۰۴ ۔ قیمت نامعلوم
ناشر عبد الواسع ۔ ناظم دار العلوم نعمانیہ گوجرانوالہ ——— کتاب کا مقصد پورے نام "سربراہان اسلامیہ اور مجاہدین اسلام کیلئے عطیۂ پاکستان" سے کچھ واضح ہو جاتا ہے۔ دعوت و تبلیغ، وعظ و تذکیر کے ضمن میں بہت سی مفید معلومات اور نکات بھی آگئے ہیں، جہاد، عبادات، قوانین شرعیہ وغیرہ پر موثر انداز میں روشنی ڈالی گئی ہے۔

کوائف مدارس عربیہ مغربی پاکستان

ملک کے ہر سکول کالج بلکہ کارخانے اور فیکٹری کے بھی حالات مل جاتے ہیں۔ لیکن دینی مراکز مدارس عربیہ کے بارہ میں کسی قسم کی معلومات کہیں سے نہیں ملتی ہیں۔ اس بنیادی ضرورت کو پورا کرنے کیلئے مسلم اکاڈمی، محمد نگر، لاہور کیطرف سے ایک ضخیم کتاب مرتب کی جارہی ہے۔ اس میں مغربی پاکستان کے تمام دینی مدارس کے حالات جمع کئے جارہے ہیں، خواہ ان کا تعلق کسی بھی مکتب فکر سے ہو۔ جملہ دار العلوم اور مکاتب و مدارس کے مہتمم حضرات سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ مطلوبہ کوائف مہیا فرمائیں۔

(حافظ نذر احمد جنرل سیکرٹری مسلم اکاڈمی، محمد نگر، علامہ اقبال روڈ ——— لاہور)

ایک اہم سلسلہ مضامین

علمی اور فکری زندگی کا نچوڑ

علمی اور مطالعاتی کاموں میں رہنمائی، علمی ذوق و شوق، صحتمند مطالعہ اور تصنیف و تالیف کے جذبات ابھارنا عالم اسلام کو درپیش مسائل اور ان کا حل اور اسلامی دنیا کے علمی اور فکری فتنوں کا تعاقب، الحق کے مقاصد میں سے ہے ——— اس سلسلہ میں الحق نے ایک سوالنامہ کی شکل میں ملک و بیرون ملک کے چیدہ چیدہ اہل علم، مصنفین، مشائخ، اور قدیم و جدید علوم کے مفکرین کو اپنی علمی تدریسی، کتابی اور اکتسابی زندگی کے بارہ میں نقوش و تاثرات پیش کرنے اور موجودہ عالم اسلام کے مسائل اور جدید نظریات کے بارہ میں اپنی علمی اور مطالعاتی زندگی کا نچوڑ پیش کرنے کی دعوت دی ہے۔ اس سلسلہ میں بہت سے حضرات کی طرف سے سوالنامہ کے جوابات آنے شروع ہوگئے ہیں۔ انشاءاللہ علمی زندگی کیلئے یہ ولولہ انگیز سلسلہ مضامین اگلے ماہ سے شروع ہوگا۔ (ادارۃ الحق)